ایکیوٹ سروسیز ڈویژن

# کلونوسکوپی کرانے

## کے بارے میں معلومات

Urdu

## مجھے کلونوسکوپی کرانے کی ضرورت کیوں ہے؟

آپ کو کلونوسکوپی کی ضرورت اس لئے ہے کیوں کہ آنت کی اسکریننگ کے پروگرام کے ذریعہ آپ کا نتیجہ مثبت (آپ کے پاخانے میں خون) پایا گیا ہے۔

## کلونوسکوپی کیا ہے؟

کلونوسکوپی ایک جانچ ہے جس میں ایک لچک دار، ٹیوب جیسے ٹیلیسکوپ سے آنت کی پرت دیکھی جاتی ہے۔ اس میں ایک کیمرہ لگا ہوتا ہے جسے کلونوسکوپ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

کلونوسکوپ پاخانے کے راستے سے اندر اور آنت کے گرد ڈالا جاتا ہے۔ یہ ڈاکٹر یا متخصص نرس کو موقع دیتا ہے کہ وہ ان تبدیلیوں کو دیکھ سکیں جو خون بہنے کا سبب ہو سکتی ہیں۔ کسی بھی تبدیلی کے نمونے (نسیجی ٹکڑے) لئے جا سکتے ہیں۔

## کلونوسکوپی سے پہلے میرے لئے کیا کرنا ضروری ہے؟

ہم آپ سے کچھ طاقتور ملین دوائیں لینے کو کہیں گے۔ ملین دوائیں آنت کو صاف کردیتی ہیں تاکہ ہم آنت کی پرت کو صاف صاف دیکھ سکیں۔ ملین دوائیں بذریعہ ڈاک آپ کی مقررہ ملاقات کے خط کے ساتھ بھیجی جائیں گی۔

یہ بات اہم ہے کہ آپ ہدایات پر دھیان سے عمل کریں اور پوری ملین دوا لیں۔ ملین دوائیں اسہال کے ساتھ آپ کو باربار بیت الخلاء میں لے جائیں گی یہاں تک کہ وہ صاف ہو جائیں۔ ملین دوا لینے کے بعد بیت الخلاء کے قریب رہنا اور سفر کرنے یا کام پر جانے سے گریز کرنا دانشمندی کی بات ہوگی۔

## میری دوسری گولیوں یا دواؤں کے بارے میں کیا خیال ہے؟

ہمارے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ:

- آپ کون سی گولیاں لے رہے ہیں،
- آپ کی گذشتہ طبی روداد میں کیا چیزیں شامل ہیں؛ مثال کے طور پر، کیا آپ کو دل یا سانس سے متعلقہ کوئی دشواری لاحق ہے۔
- کیا آپ کو کوئی الرجی ہے یا ماضی میں کسی مخدر یا دوا کی وجہ سے کوئی الرجک ردعمل پیش آیا ہے؟

ہم آپ سے درخواست کریں گے کہ آپ ہمیں اپنے ڈاکٹر سے یہ معلومات حاصل کرنے کی اجازت دیں۔ اس سے ہمیں آپ کے لئے خصوصی انتظامات کرنے میں مدد ملے گی۔

اگر آپ کو ذیابیطس ہے یا آپ وارفرین کی گولیاں لیتے ہیں تو آپ کو خصوصی صلاح دی جائے گی۔

اگر آپ فولاد کی گولیاں لے رہے ہیں تو آپ کی جانچ سے ایک ہفتہ پہلے انہیں روک دیا جائے گا۔

برائے مہربانی اپنی دوا میں تبدیلیوں کے تعلق سے ماقبل تشخیص ملاقات میں اپنی نرس سے پوچھیں۔ نرس اس وقت آپ کی گولیوں کے بارے میں آپ سے پوچھے گی جب وہ آپ کو ٹیلیفون کرے گی۔

## کیا کلونوسکوپی کے دوران میں کچھ محسوس کروں گا؟

ہم آپ پر نیند طاری کرنے کے لئے آپ کو ایک انجیکشن دیں گے جس میں آپ کی رگ میں ایک چھوٹا سا ٹیوب داخل کرنا شامل ہوتا ہے۔ اس سے آپ پرسکون ہوجائیں گے۔ عمل تخدیر کبھی کبھی آپ کو جانچ کے کچھ گھنٹوں بعد تک اسے یاد کرنے سے روک سکتا ہے۔

جانچ کے دوران، ہم آپ کی آنت میں ہوا ڈالیں گے تاکہ آنت کی پرت کو اچھی طرح دیکھ سکیں۔ آپ کچھ گیس نما درد جیسے پیٹ کی اینٹھن محسوس کرسکتے ہیں۔

آپ کو یہ احساس بھی ہوسکتا ہے کہ آپ بیت الخلاء جانا چاہتے ہیں۔ چونکہ آنت خالی ہوتی ہے اس لئے اس کے پیش آنے کا خطرہ نہیں ہوتا ہے۔ آپ کو ہوا بھی خارج ہوسکتی ہے۔

پریشا’ن نہ ہوں۔

یہ عام بات ہے کیونکہ ہم آپ کی آنت میں ہوا ڈالتے ہیں۔ ڈاکٹر یا متخصص نرس تجربہ گاہ میں جانچ کے لئے نسیجی نمونہ (نسیج کا ایک چھوٹا ٹکڑا) لے سکتے ہیں یا کسی گومڑ کو نکال سکتے ہیں۔

گومڑ مسوں جیسے چھوٹے چھوٹے وہ ابھار ہیں جن کی زیادہ تفصیل کے ساتھ معائنہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

یہ لچک دار ٹیلیسکوپ کے ذریعہ اندر ڈالے جانے والے چھوٹے چھوٹے آلات سے بلا درد کے انجام دی جاتی ہے۔

## جانچ کے بعد کیا ہوتا ہے؟

گھرجانے سے پہلے آپ کو تقریبا ایک گھنٹہ تک آرام کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کسی قدر نفخ محسوس کرسکتے ہیں اور کچھ گیس نما درد محسوس کرسکتے ہیں لیکن آپ کو ہوا خارج ہونے کے بعد عام طور پر یہ جلد ہی ٹھیک ہوجاتا ہے۔

جانچ کے بعد آپ حسب معمول کھا پی سکتے ہیں اور کوئی بھی ایسی دوا دوبارہ شروع کرسکتے ہیں جو آپ نے نہیں لی ہیں۔

اگر آپ نے مخدر دوا لی ہے تو آپ کے ساتھ کوئی ایسا ذمہ دار بالغ فرد ضرور ہونا چاہئے جو آپ کو گھر لے جاسکے اور 24 گھنٹے آپ کے ساتھ ٹھہر سکے۔

جب آپ پوری طرح بیدار ہو جائیں گے تو آپ کی دیکھ بھال کرنے والے ڈاکٹر یا نرس جانچ کے نتائج کے بارے میں آپ سے بات کریں گے۔ ہم ٹیلفون کال کے ذریعہ بھی اس کی متابعت کرسکتے ہیں، کیونکہ مخدر دوا کے اثرات کی وجہ سے کچھ لوگوں کو یاد نہیں ہوتا کہ کیا کہا گیا تھا۔

اگر کوئی نسیجی ٹکڑے یا گومڑ نکالے گئے ہوں گے تو نتائج کے بارے میں بات کرنے کے لئے ایک ہفتہ یا اس جیسی مدت کے بعد ہم آپ سے ایک مزید آؤٹ پیشنٹ ملاقات میں آنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

## کیا کوئی خطرات یا پیچیدگیاں پائی جاتی ہیں؟

کلونوسکوپی عام طور پر ایک بہت محفوظ عمل ہے۔ تاہم یہ، ایک ایسا معمولی چیرا لگانے کا عمل ہے جس میں مخدر دوا دینا شامل ہوتا ہے اس لئے اس میں پیچیدگیوں کا تھوڑا خطرہ پایا جاتا ہے۔ اصل خطرات میں شامل ہیں:

- نسیجی ٹکڑا لئے جانے کی جگہ یا اس جگہ سے خون نکلنا جہاں سے گومڑ نکالا گیا تھا۔
- آنت کی پرت میں معمولی پھٹن یا نقصان.

اس بات کی تاکید کی جانی چاہئے کہ یہ پیچیدگیاں بہت شاذ (1,000 معاملات میں تقریبا 1) ہیں۔ تاہم، شدید معاملات میں، اس دشواری کو ٹھیک کرنے کے لئے آپریشن کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔

دیگر پیچیدگیوں میں شامل ہیں:

- مخدر دوا کے تئیں ردعمل
- آپ کی دل کی رفتار اور سانس کے ضمن میں خلل۔

چند معاملات میں، کلونوسکوپی کامیابی کے ساتھ پوری نہیں ہوتی اور اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو ایک دوسری جانچ کرانے کی ضرورت ہوگی۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو متخصص نرس یا ڈاکٹر آپ سے اس بارے میں بات کریں گے۔

## اگر میں جانچ نہیں کرانا چاہتا ہوں تو کیا ہوگا؟

جانچ کرانے کا فیصلہ پورے طور پر آپ کا ہوتا ہے اور آپ اس بارے میں اپنے گھرانے کے لوگوں سے بات کرنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں۔

تاہم، ہم ان لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں گے جن کے پاخانے میں خون آتا ہے کہ وہ کلونوسکوپی کرائیں۔

جب کہ درحقیقت بہت کم لوگوں کو آنت کا کینسر ہوتا ہے، ہم نے پایا ہے کہ زیادہ تر لوگوں کی آنتوں میں گومڑ یا دیگر معمولی بیماریاں ہوتی ہیں۔

اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کلونوسکوپی نہیں کرانا چاہتے ہیں تو ہم آپ کے جی پی کو باخبر کرنے کے لئے انھیں لکھیں گے۔

ان سوالوں کو تحریر کرلیں جو آپ نرس سے پوچھنا چاہیں گے:

**اگر آپ یہ دستاویز بریل یا آڈیو ٹیپ فارمیٹ میں چاہتے ہیں تو برائے مہربانی رابطہ کریں:**

If you would like this document in another language, please contact:

**Ma tha sibh ag iarraidh an fhiosrachaidh seo ann an cànan eile, cuiribh fios gu:**

如果您需要该信息的其它语言版本，请联系：

اگر این اطلاعات را به زبانی دیگر میخواهید لطفا با این ادرس تماس بگیرید:

**إذا رغبت في الحصول على هذه المعلومات بلغة أخرى، الرجاء الاتصال بـ:**

ਜੇਕਰ ਤੁਹਾਨੂੰ ਇਹ ਜਾਣਕਾਰੀ ਕਿਸੇ ਦੂਜੀ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿਚ ਚਾਹੀਦੀ ਹੈ ਤਾਂ ਕਿਰਪਾ ਕਰਕੇ ਸੰਪਰਕ ਕਰੋ:

اگر آپ یہ معلومات کسی اور زبان میں حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی رابطہ کریں:

**Eğer bu bilgiyi bir başka dilde istiyorsanız lütfen bağlantı kurunuz:**
**Jeśli chcesz uzyskać te informacje w innym języku skontaktuj się z:**

ماقبل تشخیص کے استفسارات
ٹیلیفون: 0141 277 7624

کلونوسکوپی کی مقررہ ملاقات سے متعلق استفسارات
ٹیلیفون: 0141 211 4067

MIS 247145 A